# تعارف

جیسا کہ آپ نے مطالعہ کیا کہ صارفین کم تر قیمت پر شے کی زیادہ مقدار خریدنے کے خواہش مند ہوتے ہیں اور فروخت کار زیادہ قیمت پر فروخت کے لیے شے کو پیش کرتے ہیں۔ اس سبق میں آپ اس قیمت کے تعین کے بارے میں مطالعہ کریں گے جس پر صارفین شے کی بعض مقدار کو خریدنا چاہتے ہیں اور فروخت کار فروخت کرنے کے خواہش مند ہوتے ہیں۔

# فرہنگ اصطلاحات

| | | |
|---|---|---|
| قیمت (Price) | : | زر کی وہ رقم جو خریدار شے / خدمت کی ایک اکائی کے لیے ادا کرتا ہے۔ |
| توازن (Equilibrium) | : | توازن وہ حالت ہے جہاں سے تبدیلی کا کوئی میلان نہیں ہوتا۔ |
| توازنی قیمت (Equlibrium price) | : | وہ قیمت جس پر شے کی مانگ کی گئی مقدار اور سپلائی کی گئی مقدار دونوں برابر ہوتی ہیں۔ |
| توازن مقدار (Equilibrium quantity) | : | مقدار جس پر مانگی گئی مقدار اور شے کی سپلائی دونوں برابر ہوتی ہیں۔ |
| زائد مانگ (Excess demand) | : | وہ صورت حال جب کسی دی ہوئی قیمت پر شے کی مانگ کی گئی مقدار اس کی سپلائی کی گئی مقدار سے زیادہ ہوتی ہے۔ |
| زائد سپلائی (Excess supply) | : | وہ صورت حال حب کسی دی ہوئی قیمت پر شے کی سپلائی کی گئی مقدار اس کی مانگ کی گئی مقدار سے زیادہ ہوتی ہے۔ |

- زر کی وہ رقم جو کوئی خریدار شے یا فروخت کار کی خدمت کی ایک اکائی کے لیے ادائیگی کرتا ہے اسے اس شے یا خدمت کی قیمت کہا جاتا ہے۔
- شے کی قیمت مقرر کرتے وقت فروخت کار اپنے ذہن میں زیادہ سے زیادہ منافع کمانے کے علاوہ کئی عوامل رکھنے ہوتے ہیں۔ کچھ اہم عوامل جو شے کی قیمت مقرر کرنے میں فروخت کار کے فیصلے پر اثر انداز ہوئے ہیں؛ درج ذیل ہیں:

(i) پیداوار کی لاگت

(ii دیگر فروخت کاروں کے ذریعہ مقرر کی گئی قیمت

(iii) مختلف قیمتوں پر متوقع فروخت

- شے کی توازنی قیمت کا تعین مانگ اور سپلائی کی بازر قوتوں کے ذریعہ ہوتا ہے۔ وہ قیمت جس پر مانگ کی گئی شے کی مقدار سپلائی کی گئی مقدار برابر ہوتی ہیں انہیں شے کی توازنی قیمت کہا جاتا ہے۔
- اگر کسی دی گئی قیمت پر شے کی مانگ کی گئی مقدار اس کی سپلائی کی گئی مقدار سے زیادہ ہے تو اسے شے کی زائد مانگ کہا جاتا ہے۔ نتیجتاً اس سے شے کی قیمت میں اضافہ ہوتا ہے۔
- اگر کسی دی گئی قیمت پر شے کی سپلائی کی گئی مقدار اس کی مانگ کی گئی

مقدار سے زیادہ ہے تو اسے شے کی زائد سپلائی کہا جاتا ہے۔ اس کے نتیجے میں شے کی قیمت میں گراوٹ پیدا ہوتی ہے۔

- جب شے کی مانگ بڑھتی ہے لیکن اس کی سپلائی وہی رتی ہے تو شے کی توازنی قیمت اور توازنی مقدار دونوں بڑھ جائے گی۔ شے کی مانگ میں کمی ہو اور سپلائی میں کوئی تبدیلی نہ ہو تو اس شے کی توازنی قیمت اور توازنی مقدار میں کمی پیدا ہوگی۔
- جب شے کی سپلائی میں اضافہ ہوتا ہے لیکن اس کی مانگ وہی رہتی ہے تو توازنی قیمت تو بڑھ جائے گی لیکن مانگ اور سپلائی کی جانے والی توازنی مقدار بڑھ جائے گی۔ اگر شے کی سپلائی میں کمی ہو لیکن اس کی مانگ وہی ہو تو توازنی قیمت میں اضافہ ہوگا اور مانگ اور سپلائی کی جانے والی توازنی مقدار میں کمی پیدا ہوگی۔

**خود قدر شناسی کیجیے**

1۔ شے کی زائد مانگ کیا ہے؟ یہ شے کی قیمت پر کس طرح اثر انداز ہوگا؟

2۔ شے کی زائد سپلائی سے کیا مراد ہے؟ یہ شے کی قیمت پر کس طرح اثر انداز ہوگی؟

3۔ اگر شے کے لیے مانگ میں اضافہ ہوتا ہے لیکن اس کی سپلائی وہی رہتی ہے تو شے کی توازنی قیمت اور توازنی مقدار پر کیسے اثر پڑے گا؟

4۔ اگر شے کی مانگ وہی رہتی ہے تو شے کی سپلائی میں اضافے کا شے کی توازنی قیمت اور شے کی توازنی مقدار پر پڑنے والے اثرات کی وضاحت کیجیے۔